

# منظورِادب

(شہیدڈاکٹرمنظوراحمد)

# MANZUR - E - ADAB

**( SHAHEED Dr MANZUR AHMED)**

**معروضی سوالات برائے دہم جماعت 2020-21**

**MULTIPLE CHOICE QUESTIONS FOR SSLC STUDENTS 2020-21**

**(First Language URDU) 12U مضمون: اردوزبان اوّل**

تیارکردہ: ڈاکٹرحضرت بلال منظوراحمدانعامدار

سرکاری اردوہائی اسکول مدے بہال

Prepared By: Dr HAZRAT BILAL .M.INAMDAR

GOVT URUD HIGH SCHOOL MUDDEBIHAL

## حمد

1) حمد کس لفظ سے مشتق ہے؟

a) مدعا b) مدح

c) مداوا d) مراد

2) مدح کے معنی کیا ہیں؟

a) تعریف b) توہین

c) توصیف d) بڑھائی

3) اللہ تعالی کی تعریف میں لکھی جانے والی نظم کو کیا کہتے ہیں؟

a) نعت b) منقبت

c) مرثیہ d) حمد

4) عموماً حمد کس ہیئت میں لکھی جاتی ہے؟

a) رباعی b) قطعہ

c) غزل d) مسدس

5) ڈاکٹر صغریٰ عالم نے کونسی نظم لکھی ہے؟

a) نعت b) رشوت

c) حمد d) آمدِ بہار

6) ڈاکٹر صغریٰ عالم کب پیدا ہوئیں؟

a) 18 جنوری 1937 b) 18 جنوری 1938

c) 8 جنوری 1939 d) 18 جنوری 1936

7) ڈاکٹر صغرائ عالم کس ضلع میں پیدا ہوئیں؟

a) بنگلور b) گلبرگہ

c) شمالی کینرا d) میسور

8) ڈاکٹر صغرائ عالم نے پہلے شعر میں کس بات کو بیان کیا ہے ؟

a) خالقِ کائنات کی ابدیت b) نعمتوں کا بیان

c) عشقِ الٰہی d) اسماوصفات کا ذکر

9) ڈاکٹر صغرائ عالم نے دوسرے شعر میں کس بات کا بیان کیا ہے؟

a) خالقِ کائنات کی ابدیت b) نعمتوں کا بیان

c) عشقِ الٰہی d) اسماوصفات کا ذکر

10) ڈاکٹر صغرائ عالم نے تیسرے شعر میں کس بات کا بیان کیا ہے؟

a) خالقِ کائنات کی ابدیت b) نعمتوں کا بیان

c) عشقِ الٰہی d) اسماوصفات کا ذکر

11) ڈاکٹر صغرائ عالم نے دوسر چوتھے شعر میں کس بات کا بیان کیا ہے؟

a) خالقِ کائنات کی ابدیت b) نعمتوں کا بیان

c) عشقِ الٰہی d) اسماوصفات کا ذکر

12) ڈاکٹر صغرائ عالم نے مقطع میں کس بات کا بیان کیا ہے؟

a) خالقِ کائنات کی ابدیت b) یومِ دین کے مالک سے بخشش کی گذارش

c) عشقِ الٰہی d) اسماوصفات کا ذکر

13) ڈاکٹر صغریٰ عالم کا ذیل میں سے نعتیہ وحمد یہ کلام ہے۔

a) کفِ میزان b) عشقِ الٰہی

c) قوسِ قُزح d) حنائے غزل

14) ڈاکٹر صغریٰ عالم کا ذیل میں سے نعتیہ وحمد یہ کلام نہیں ہے۔

a) عشقِ الٰہی b) بابِ جبرئیل

c) محرابِ دعا d) صفِ ریحان

15) ڈاکٹر صغریٰ عالم کس ریاست کی مشہور و نامور شاعرہ ہیں۔

a) پنجاب b) ہریانہ

c) مہاراشٹرا d) کرناٹک

16) ڈاکٹر صغریٰ عالم نے یہ بھی لکھے ہیں۔

a) مرثیے b) رباعیات

c) دوہے d) قصیدے

17) عیاں لفظ کا ضد کیا ہے؟

a) چھپنا b) نہاں

c) نمودار d) ظاہر

18) صدائے کُن سے ابد تک شباب تیرا ہے۔شباب سے مراد۔

a) دین ودنیا b) خدا کا جلوہ

c) چانداور سورج d) جوانی

19) ان میں سے غیر متعلق لفظ الگ کیجئے۔

a) غضب b) قہر

c) صبر d) غصّہ

20) ان میں سے واحد لفظ الگ کیجئے۔

a) اسباب b) نصاب

Dr BILAL'S

c) ارباب d) احباب

21) دمِ وداع سے مراد کیا ہے؟

a) آخری وقت b) شروعات

c) جوانی کا دم d) بڑھاپے کا دم

22) نمازِ عشق کے معنی کیا ہیں؟

a) نمازِ محبت b) عبادت کی دیوانگی

c) نمازِ حاجت d) عبادت کا حکم

23) یومِ دین سے کیا مراد ہے؟

a) وحشت کا دن b) حشر کا دن

c) خوشی کا دن d) ملاقات کا دن

24) عموماً شعراء مجموعہ کلام کی ابتدا کس صنف سے کرتے ہیں؟

a) نعت b) مناجات

c) حمد d) قصیدہ

25) خدا ناشناس کا مطلب ہے۔

a) ایمان نہ رکھنے والا b) جاہل

c) بے وقوف d) معصوم

26) لفظ صغریٰ کا ضد کیا ہے؟

a) کبیرا b) کبریٰ

c) صغیرا d) قبرا

27) ڈاکٹر صغریٰ عالم کا انتقال کب ہوا؟

a) 10 فروری 2010ء b) 10 مارچ 2010ء

c) 9 مارچ 2009ء d) 9 فروری 2009ء

28) حمد کے کس شعر میں شاعرہ نے اللہ کے صفات کا ذکر کیا ہے؟

a) پہلے شعر میں b) دوسرے شعر میں

c) تیسرے شعر میں d) چوتھے شعر میں

29) ان میں سے غیر متعلق الگ لفظ کیجئے۔

a) صنم b) پتھر

c) حجر d) ہجر

30) ان میں کونسی تصنیف ڈاکٹر صغریٰ عالم کی نہیں ہے؟

a) نقوشِ سلیمانی b) بیت الحروف

c) حنائے غزل d) عشقِ محمدی

# حجۃ الوداع

1) حجۃ الوداع کے مصنف کون ہیں؟

a) علامہ شبلی b) سید سلیمان ندوی

c) مولانا الطاف حسین حالی d) محمد رفیع انصاری

2) حجۃ الوداع سبق کس کتاب سے لیا گیا ہے؟

a) ارض القرآن b) حیاتِ شبلی

c) رحمتِ عالم d) سیرتِ عائشہ

3) سید سلیمان ندوی کا تعلق کس ریاست سے ہے؟

a) مہاراشٹرا b) بہار

c) اتر پردیش d) کرناٹک

4) سید سلیمان ندوی کس ضلع میں پیدا ہوئے؟

a) بنگلور b) میسور

c) گلبرگہ d) پٹنہ

5) سید سلیمان ندوی کب پیدا ہوئے؟

a) 1884ء b) 1894ء

c) 1890ء d) 1994ء

6) سید سلیمان ندوی کا انتقال کب ہوا؟

a) 1947ء b) 1953ء

c) 1955ء d) 1956ء

7) شبلی کی لکھی ہوئی کونسی تصنیف کو سید سلیمان ندوی نے مکمل کیا؟

a) حیاتِ شبلی b) سیرت النبیؐ

c) خطباتِ مدراس d) سیرتِ عائشہ

8) حضورؐ کونسے سال حج کے ارادے مکہ تشریف لے گئے؟

a) ذیقعدہ 10ء b) ذیقعدہ 09ء

c) ذیقعدہ 11ء d) ذیقعدہ 08ء

9) مدینہ سے چھ میل پر اس مقام پر حضورؐ نے رات گذاری۔

a) منیٰ b) ذوالحلیفہ

c) مکہ معظمہ d) عرفات

10) حضورؐ نے کس اونٹنی پر سوار ہو کر مکہ تشریف لے گئے۔

a) کصوا b) قسوا

Dr BILAL's

c) قصوا    d) کسوا

11) حضورؐ اتوار کے روز ذوالحجہ کی ۵ تاریخ کو کہاں داخل ہوئے۔

a) مزدلفہ    b) منیٰ

c) مدینہ    d) مکہ

12) کس روز حضورؐ نے سارے مسلمانوں کے ساتھ منیٰ میں قیام کیا؟

a) اتوار    b) جمعہ

c) جمعرات    d) پیر

13) حجۃ الوداع کے موقعہ پر حضورؐ نے کس مقام پر آ کر احرام باندھا؟

a) ذوالحلیفہ    b) منیٰ

c) مزدلفہ    d) مدینہ

14) حجاجِ کرام نو ذالحجہ کی صبح فجر نمار کے بعد منیٰ سے روانہ ہو کر کہاں ٹھہرے۔

a) کعبہ شریف    b) صفا

c) مدینہ    d) میدانِ عرفات

15) حضورؐ نے مقامِ ابراہیم میں کھڑے ہو کر کتنے رکعت نماز ادا کی۔

a) آٹھ رکعت    b) تین رکعت

c) دو رکعت    d) چار رکعت

16) ............ کے معاملے میں خدا سے ڈرو۔

a) بچوں    b) مردوں

c) عورتوں    d) بوڑھوں

17) کسی عربی کو کسی عجمی پر اور کسی عجمی کو کسی ............... پر کوئی بڑائی نہیں۔

a) عربی    b) ایرانی

c) عراقی    d) فارسی

18) خطبہ سے فارغ ہو کر کس صحابی نے اذان دی؟

a) حضرت ابوبکرؓ    b) حضرت بلالؓ

c) حضرت عمر فاروقؓ    d) حضرت عثمانؓ

19) کس تاریخ کو خانۂ کعبہ سے سارا قافلہ اپنے اپنے مقام کو روانہ ہوا؟

a) 10 ذی الحجہ    b) 12 ذی الحجہ

c) 5 ذی الحجہ    d) 15 ذی الحجہ

20) ان میں سے غیر متعلق لفظ الگ کیجئے۔

a) مصیبت    b) تکلیف

c) غصّہ    d) دکھ

21) وہ جگہ جہاں شیطان نے حضرت ابراہیمؑ کو بہکایا تھا۔

a) عرفات    b) صفا

c) جمرہ    d) مزدلفہ

22) ''آقا'' کا ضد ان میں کونسا لفظ ہے۔

a) غلام    b) مالک

c) بادشاہ    d) کنیز

23) انتقام لفظ کا مترادف کونسا ہے؟

a) غصّہ    b) مقام

c) بدلہ    d) جنگ

24) مکہ سے 6 کلومیٹر پر واقع مقام کا نام کیا ہے؟

a) منیٰ    b) مزدلفہ

c) عرفات    d) مدینہ

25) منیٰ اور عرفات کے درمیان واقع مقام کونسا ہے؟

a) مکہ    b) مدینہ

c) مزدلفہ    d) صفا

26) ان میں غیر متعلق لفظ الگ کیجئے۔

a) تہد    b) تہمت

c) تہبند    d) لنگی

27) امن لفظ کا ضد کونسا ہے؟

a) بے چین    b) جنگ

c) امان    d) ممنوع

28) اسلامی قانون کے لئے کونسا لفظ استعمال کیا جاتا ہے؟

a) شریعت    b) دستور

c) آئین    d) اسلامی طریقہ

29) عمرہ اور حج کے کو موقعہ پر پہنے جانے والے لباس کو کیا کہتے ہیں؟

a) احترام    b) احرام

c) محترم    d) اہرام

30) ان میں سے غیر متعلق مقام کو الگ کیجئے۔

a) بغداد    b) مزدلفہ

c) منیٰ    d) عرفات

Dr BILAL's

# نعت

1) وہ نظم جس میں شاعر حضورؐ کی تعریف و توصیف بیان کرتا ہے اسے کیا کہتے ہیں؟

a) حمد b) نعت

c) غزل d) قصیدہ

2) شاعر ماہر القادری کا اصل نام کیا ہے؟

a) منظور حسین قادری b) حسین قادری

c) منظور حسین d) قادر حسینی

3) ماہر القادری کہاں پیدا ہوئے؟

a) بدایوں b) بلند شہر

c) لاہور d) لکھنؤ

4) ماہر القادری کی پیدائش کب ہوئی؟

a) 1910ء b) 1907ء

c) 1906ء d) 1978ء

5) ماہر القادری کا تعلق کس ریاست سے تھا؟

a) کرناٹکا b) اتر پردیش

c) مدھیہ پردیش d) ہماچل پردیش

6) تلاشِ معاش کی خاطر ماہر القادری کس شہر کا رُخ کیا تھا؟

a) لاہور b) دہلی

c) بمبئی d) حیدرآباد

7) ماہر القادری کا انتقال کس ملک میں ہوا؟

a) پاکستان b) ہندوستان

c) عرب d) عراق

8) ماہر القادری کا انتقال کب ہوا؟

a) 1910ء b) 1907ء

c) 1906ء d) 1978ء

9) ''ظہورِ قدسی'' کی مشہور و مقبول نعتیہ نظم کونسی ہیں؟

a) ڈاکٹر صغریٰ عالم b) ماہر القادری

c) جوش ملیح آبادی d) سلیمان خمارؔ

10) ماہر القادری نے کس ماہنامہ کی ادارت کا فریضہ نبھایا؟

a) آج کل b) سالار

c) زمیندار d) فاران

11) ان میں سے ماہر القادری کا مجموعۂ کلام کونسا ہے؟

a) جذباتِ ماہر b) نقوشِ سلیمانی

c) عشقِ الٰہی d) شعلہ و شبنم

12) اونٹوں کو چرانے والے سے مراد کون ہیں؟

a) حضورؐ b) ابراہیمؑ

c) موسیٰؑ d) عیسیٰؑ

13) حضورؐ نے کونسے موتی برسائے؟

a) اخلاق b) کردار

c) سیرت d) غیرت

14) کس نے تہذیب کی شمعیں روشن کیں؟

a) آدمؑ b) حضورؐ

c) ابراہیمؑ d) موسیٰؑ

15) عداوت لفظ کا مترادف کونسا ہے؟

a) دوستی b) دشمنی

c) ساتھی d) محبت

16) درج ذیل میں غیر متعلق لفظ الگ کیجئے؟

a) جھوٹ b) باطل

c) حق d) غلط

17) حضورؐ نے کسے حیا کی چادر اور غیرت کا غازہ بخشا؟

a) عورتوں b) بچوں

c) مردوں d) بوڑھوں

18) حضورؐ نے مرنے سے متعلق کیا فرمایا؟

a) سزا b) جزا

c) شہادت d) تینوں صحیح ہیں

19) طوفاں میں سفینے تیرائے۔اس میں سفینہ کا معنی کیا ہے؟

a) کشتی b) ہوائی جہاز

c) گشتی d) ریل گاڑی

20) کس نام سے شاعر کے ہونٹوں پہ تبسم اور آنکھوں میں آنسو آتے ہیں۔

a) جنت b) حضورؐ

Dr BILAL'S

c) جہنم d) تینوں صحیح ہیں

21) عقبیٰ کے معنی کیا ہیں؟

a) آخرت b) قیامت

c) ابتداء d) انتہا

22) ان میں سے غیر متعلق لفظ الگ کیجئے۔

a) حیا b) شرم

c) بے شرم d) غیرت

23) اخلاق کے موتی کس نے برسائے؟

a) ابراہیمؑ b) عیسیٰؑ

c) موسیٰؑ d) حضورؐ

24) ان میں سے غیر متعلق لفظ الگ کیجئے؟

a) برباد b) پامال

c) تباہ d) برباد

25) غیر قافیہ لفظ الگ کیجئے؟

a) عِلم b) عَلم

c) اَلم d) قلم

26) کرم لفظ کی جمع بتایئے؟

a) کرام b) اکرام

c) اکرم d) کروم

27) علم کی جمع بتایئے؟

a) عالم b) علم

c) علماء d) علوم

28) ظلم کی جمع بتایئے؟

a) ظالم b) مظلوم

c) مظالم d) ظلمی

29) ان میں سے ماہر القادری کا مجموعۂ کلام نہیں ہے؟

a) محسوساتِ ماہر b) جذباتِ ماہر

c) ذکرِ جمیل d) شعلہ و شبنم

30) شاعر سرورِ کائنات حضرت محمدؐ کے اوصافِ حمیدہ اور معجزات کا ذکر کرتا ہے؟

a) قصیدہ b) منقبت

c) حمد شریف d) نعتِ پاک

## جواہر لال نہرو کی اردو دوستی

1) جواہر لال نہرو کی اردو دوستی سبق کس نے لکھا؟

a) محمد رفیع انصاری b) سید سلیمان ندوی

c) ادا جعفری d) زہرہ جمال

2) غیر افسانوی انداز میں لکھی جانے والی تحریر کیا کہلاتی ہے؟

a) کہانی b) مضمون

c) افسانہ d) ناول

3) محمد رفیع انصاری کب پیدا ہوئے؟

a) یکم جون 1947ء b) یکم جون 1950ء

c) یکم جون 1952ء d) یکم جون 1951ء

4) محمد رفیع انصاری کا مزاحیہ مضمون کونسا ہے؟

a) جگ جگ جیو b) زمین کے تارے

c) خمیازہ d) ان میں سے کوئی نہیں

5) محمد رفیع انصاری کہاں پیدا ہوئے؟

a) بمبئی b) ناگپور

c) ناسک d) بھیونڈی

6) بچوں پر مشتمل محمد رفیع انصاری کا لکھا ہوا مجموعہ کونسا ہے؟

a) زمین کے تارے b) خمیازہ

c) رفع دفع d) ان میں سے کوئی نہیں

7) پنڈت نہرو کس زبان سے دلی لگاؤ تھا؟

a) اردو b) ہندی

c) فارسی d) انگریزی

8) پنڈت نہرو کے والد کا نام کیا تھا؟

a) موتی لال گاندھی b) موتی لال نہرو

c) مہاتما گاندھی d) راجیندر پرشاد نہرو

9) نہرو کی والدہ، اہلیہ۔ دادی اور نانی کی مادری زبان کیا تھی؟

a) کنڑا b) ہندی

c) اردو d) انگریزی

10) کس نے احمد نگر کی جیل میں نہرو کو اردو کا درس دیا؟

a) مولانا ابوالکلام آزادؔ b) مولانا محمد علی جوہرؔ

Dr BILAL's

c) مولانا شوکت علیؔ d) محمد علی جناح

11) نہرو کی بیٹی اندرا گاندھی ان سے ہمیشہ خط میں کیا فرمائش کیا کرتی تھیں؟

a) انگریزی کہانیاں b) اردو کہانیاں

c) اردو اردو قصہ d) اردو اشعار

12) اردو یا ہندی کے خطوط کون روک لیتے ہیں؟

a) ڈاک خانے والے b) پولیس والے

c) سنسر والے d) ان میں سے کوئی نہیں

13) نہرو کے مطابق کس کے اشعار قدرے مشکل ہوتے ہیں؟

a) مرزا غالبؔ b) میر تقی میرؔ

c) علامہ اقبالؔ d) جوش ملیح آبادی

14) نہرو اکثر اردو شعر لکھنے کے بعد کس زبان میں ترجمہ کیا کرتے تھے؟

a) بنگالی b) انگریزی

c) ہندی d) فارسی

15) پنڈت نہرو کی اہلیہ کا نام کیا تھا؟

a) کملا نہرو b) وِملا نہرو

c) اندرا نہرو d) کستوربا

16) اردو کے مشہور محقق قاضی عبدالودود اور کملا نہرو بغرضِ علاج کہاں مقیم تھیں؟

a) سوئیزرلینڈ b) لندن

c) امریکہ d) جاپان

17) کسی زمانے میں نہرو جی کے سیکریٹری کون تھے؟

a) جوشؔ ملیح آبادی b) فراق گورکھپوری

c) کنور سنگھ بیدی d) قاضی عبدالودود

18) فراق گورکھپوری الہ آباد یونیورسٹی میں کس مضمون کے استاد تھے؟

a) ہندی b) فارسی

c) اردو d) انگریزی

19) ڈاکٹر محمد حسن نے نہرو کے متعلق کونسا مضمون لکھا؟

a) نہرو اور وہ b) نہرو اور ہم سب

c) نہرو اور میں d) نہرو اور محمد حسن

20) جواہر لال نہرو نے تپاک سے کس کا خیر مقدم کیا؟

a) فراق گورکھپوری b) جوشؔ

c) کنور مہندر سنگھ d) محمد رفیع انصاری

21) پنڈت نہرو اپنے ''لال'' کو کس طرح لکھتے تھے؟

a) لعل b) لال

c) لالع d) لاعل

22) جواہر، لعل، نہرو یہ تینوں الفاظ خالص کس زبان کے ہیں؟

a) فارسی b) ہندی

c) عربی d) اردو

23) اردو میری اور میری دادی کی ابان ہے۔ یہ کہنے والے کون ہیں؟

a) جوشؔ ملیح آبادی b) پنڈت نہرو

c) جمال عبدالناصر d) سیٹھ گووِنداس

24) انجمن ترقی اردو ہند کی کُل ہند کانفرنس کا افتتاح کب ہوا؟

a) فروری1958 b) فروری1959

c) فروری1947 d) فروری1950

25) پنڈت نہرو کے گہرے دوست شاعر کون تھے؟

a) کنور مہیندر سنگھ b) جوش ملیح آبادی

c) فراق گورکھپوری d) بخشی غلام علی

26) ''اردو بھلا کس کی مادری زبان ہوسکتی ہے'' یہ جملہ کس نے کہا؟

a) آزادؔ b) نہرو

c) جوشؔ ملیح آبادی d) سیٹھ گووِنداس

27) جشنِ جمہوریہ کا مشاعرہ کہاں منعقد ہوا تھا؟

a) لال قلعہ b) انڈیا گیٹ

c) گیٹ وے آف انڈیا d) تاج محل

28) جشنِ جمہوریہ کے موقع پر ''ماتمِ آزادی'' نظم کس نے سنائی تھی؟

a) کنور مہیندر سنگھ b) جوش ملیح آبادی

c) فراق گورکھپوری d) بخشی غلام علی

29) جوشؔ ملیح آبادی کس نظم میں ملک کی آزادی اور حکومت پر براہِ راست حملہ کیا گیا تھا؟

a) ماتمِ آزادی b) رشوت

c) آمدِ بہار d) سرحدوں کا جال

30) ان میں سے غیر متعلق لفظ الگ کیجئے؟

a) اسیری b) قید

c) نظر بندی d) آزادی





Dr BILAL's

# غزلیں (حصہ اول)

1) ان میں سے اردو شاعری کی مقبول صنف کونسی ہے۔

a) قصیدہ b) منقبت

c) غزل d) مرثیہ

2) غزل کے ساتھ کونسے موضوعات لازم وملزوم ہیں؟

a) عشقیہ b) اخلاقی

c) سماجی d) معاشی

3) غزل کا پہلا شعر کو کیا کہتے ہیں؟

a) مقطع b) مطلع

c) بیت الغزل d) حسنِ مطلع

4) غزل کا سب سے عمدہ اور اچھا شعر کو کیا کہتے ہیں؟

a) مقطع b) مطلع

c) بیت الغزل d) حسنِ مطلع

5) غزل کے آخری شعر کو کہا کہتے ہیں؟

a) مقطع b) مطلع

c) بیت الغزل d) حسنِ مطلع

6) کبھی کبھی غزل کے دوسرے شعر میں بھی ردیف اور قافیہ کا استعمال کیا جاتا ہے تو اسے کیا کہتے ہیں؟

a) مقطع b) مطلع

c) بیت الغزل d) حسنِ مطلع

7) شاعر اپنا تخلص غزل کے کس حصّہ میں کرتا ہے؟

a) حسنِ مطلع b) مطلع

c) بیت الغزل d) مقطع

8) غزل کے کن اشعار کے دوسرے مصرعہ میں قافیہ اور ردیف کا استعمال ہوتا ہے؟

a) تمام اشعار میں b) صرف پہلے شعر میں

c) کسی بھی ایک شعر میں d) صرف مقطع میں

9) کن کا شمار اردو کے عظیم ترین شعراء میں ہوتا ہے؟

a) میر انیسؔ b) مرزا دبیرؔ

c) مرزا غالبؔ d) ڈاکٹر صغریٰ عالم

10) غالب کا اصل نام کیا ہے؟

a) مرزا اسداللہ خان b) مرزا غالبؔ

c) مرزا نوشہ غالب d) مرزا نوشہ

11) غالبؔ پہلے کونسا تخلص اختیار کیا تھا؟

a) غالبؔ b) اسدؔ

c) مرزاؔ d) نوشہؔ

12) مرزا غالب کب پیدا ہوئے؟

a) 1796ء b) 1799ء

c) 1775ء d) 1780ء

13) مرزا غالب کہاں پیدا ہوئے؟

a) دہلی b) لکھنو

c) آگرہ d) حیدرآباد

14) مرزا غالب نے کونسا تخلص اختیار کیا؟

a) غالبؔ b) اسدؔ

c) مرزاؔ d) نوشہؔ

15) مرزا غالبؔ کا انتقال کب ہوا؟

a) 1857ء b) 1869ء

c) 1888ء d) 1896ء

16) ابنِ مریم سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

a) حضرت موسیٰؑ b) حضرت عیسیٰؑ

c) حضرت ابراہیمؑ d) حضرت اسمٰعیلؑ

17) کونسے پیغمبر جن کی نسبت مشہور ہے کہ انہوں نے آبِ حیات پیا ہے اور ہمیشہ زندہ رہیں گے؟

a) موسیٰؑ b) عیسیٰؑ

c) خضرؑ d) اسمٰعیلؑ

18) کسی سے خطا ہو جائے تو کیا کرنا چاہیئے؟

a) معافی طلب کرنا چاہیئے b) بخش دینا چاہیئے

c) خطا کو سزا دینا چاہیئے d) جو چاہے وہ کرنا چاہیئے

19) ابنِ مریم کنیت میں ''ابن'' کے کیا معنی ہیں؟

a) باپ b) بیٹا

c) ماں d) بیٹی

Dr BILAL'S

20) وہ پانی جسے پینے سے موت نہیں آتی اسے کیا کہتے ہیں؟

a) آبِ حیات b) آبِ زم زم

c) آبِ دریا d) آبِ سمندر

21) لفظ ''خطا'' کے کیا معنی ہیں؟

a) مزا b) قطع

c) قطا d) معاف

22) اصغر گونڈوی کہاں پیدا ہوئے؟

a) گورکھپور b) گونڈا

c) دہلی d) آگرہ

23) اصغر گونڈوی کب پیدا ہوئے

a) 1857ء b) 1857ء

c) 1856ء d) 1854ء

24) اصغر گونڈوی کا انتقال کہاں ہوا؟

a) گونڈا b) گورکھپور

c) الہ آباد d) آگرہ

25) اصغر گونڈوی کا انتقال کب ہوا؟

a) 1914ء b) 1936ء

c) 1947ء d) 1930ء

26) اصغر گونڈوی کا اصل نام کیا ہے؟

a) اصغر حسین b) اصغر علی

c) اصغر گونڈوی d) اصغر الہ آبادی

27) اصغرؔ اصغرؔ گونڈوی کیسے کہلائے؟

a) گونڈا میں پیدا ہوئے b) اگونڈا میں اصغر کا انتقال ہوا۔

c) نکے والد ایک طویل عرصہ تک گونڈا میں رہے d) اصغر کا کاروبار گونڈا میں تھے

28) اصغرؔ کس رسالہ کے ایڈیٹر رہے؟

a) آج کل b) سالار

c) ہندوستان d) زمیندار

29) اصغرؔ گونڈوی کا دیوان کونسا ہے؟

a) نشاطِ روح b) دیوانِ اصغرؔ

c) دیوانِ روح d) دیوانِ نشاط

30) عقل سے پنہاں چیز کو کس نے دیکھا؟

a) انسان b) عشق

c) محبوب d) مجنو

31) عشق نے ذرّہ میں کیا دیکھا؟

a) سمندر b) بیاباں

c) جہنم d) جنت

32) عشق نے قطرہ میں کیا دیکھا؟

a) سمندر b) بیاباں

c) جہنم d) جنت

33) شاعر نے خواب میں کس کا دامن سو بار تھاما؟

a) اپنے دوست کا b) اپنے دشمن کا

c) اپنے محبوب d) کسی کا بھی نہیں

## جگنو

1) ماں کی یاد میں لکھی گئی ان میں سے کونسی نظم ہے؟

a) آمدِ بہار b) جگنو

c) سرحدوں کا جال d) رشوت

2) ''جگنو'' نظم اصنافِ سخن کی کونسی صنف نہیں کہلاتی؟

a) قطعات b) رباعی

c) قصیدہ d) مرثیہ

3) ''جگنو'' نظم میں کس بچے کا درد سمایا ہوا ہے؟

a) یتیم بچے b) معصوم بچے

c) ہونہار بچے d) شرارتی بچے

4) جگنو نظم کس نے لکھی ہے؟

a) شوق قدوائی b) فراقؔ گورکھپوری

c) سلیمان خمارؔ d) جوشؔ ملیح آبادی

5) رگھو پتی سہائے کس کا اصل نام ہے؟

a) شوق قدوائی b) فراقؔ گورکھپوری

c) سلیمان خمارؔ d) جوشؔ ملیح آبادی

6) فراق گورکھپوری کہاں پیدا ہوئے؟

a) گورکھپور b) لکھنؤ

c) پٹنہ d) دہلی

Dr BILAL'S

7) فراق گورکھپوری کب پیدا ہوئے؟

a) 28 اگست 1896ء b) 26 اگست 1996ء

c) 28 اگست 1830ء d) 15 اگست 1847ء

8) فراقؔ گورکھپوری انڈین سول سروس کے لئے منتخب ہونے کے باوجود کس کو ترجیح دی؟

a) انگریزی فوج b) انگریزی حکومت

c) تحریکِ آزادی d) تینوں صحیح ہیں

9) 1932ء میں الہٰ آباد میں کس مضمون کے استاد مقرر ہوئے؟

a) انگریزی b) ہندی

c) اردو d) فارسی

10) ان میں سے رباعیات کا مجموعہ کونسا ہے؟

a) شبنمستان b) غزلستان

c) روحِ کائنات d) روپ

11) فراقؔ کو کس مجموعے کے لئے گیان پیٹھ ایوارڈ سے نوازا گیا۔

a) روپ b) روحِ کائنات

c) گُلِ نغمہ d) رمزوکنایات

12) فراق گورکھپوری کا انتقال کب ہوا؟

a) 3 مارچ 1990ء b) 3 مارچ 1960ء

c) 3 مارچ 1980ء d) 3 مارچ 1982ء

13) شاعر فراقؔ نے عمر کے کس حصّے میں ''جگنو'' نظم لکھی؟

a) 40 برس b) 30 برس

c) 20 برس d) 10 برس

14) شاعر کو کس نے پالا تھا؟

a) دائیوں b) جیلانی بانو

c) ماں d) دادی

15) ان میں سے غیر متعلق لفظ الگ کیجئے؟

a) جگنو b) قندیل

c) چراغ d) شمع

16) ان میں سے غیر متعلق لفظ الگ کیجئے؟

a) بڑھاپا b) جوانی

c) بچپن d) موت

# درشتی

1) نثری ادب کی مقبول صنف کونسی ہے؟

a) ناول b) افسانہ

c) کہانی d) داستان

2) ان میں سے کونسا سبق افسانہ ہے؟

a) درشتی b) بدایوں کے شام وسحر

c) قولِ فیصل d) حجۃ الوداع

3) درشتی افسانہ کس نے لکھا؟

a) محمد رفیع انصاری b) سید سلیمان ندوی

c) مولانا ابوالکلام آزادؔ d) زہرہ جمال

4) زہرہ جمال کب پیدا ہوئیں؟

a) 1930ء b) 1950ء

c) 1914ء d) 1947ء

5) زہرہ جمال کہاں پیدا ہوئیں؟

a) پونہ b) ممبئی

c) لکھنو d) دہلی

6) کونسے سبق میں سماجی مسئلہ یعنی فرقہ پرستی کی لعنت دور کرنے اور قومی یکجہتی کا پرچم لہرانے کا پیغام دیا ہے؟

a) بدایوں کے شام وسحر b) زعفران

c) قولِ فیصل d) درشتی

7) کس نے تمام عمر اولادِ آدم کو ایک آنکھ سے دیکھا تھا؟

a) پرنسپل بھرنارائن b) مولانا رجب

c) ودیاچرن d) تینوں غلط جواب ہیں

8) ڈارون کے نظریہ کو پڑھنے کے بعد کس کو یقین تھا کہ انسان جنت سے نکالے ہوئے آدم کی اولاد ہے۔

a) مولانا رجب b) ودیاچرن جی

c) بھرت نارائن جی d) تینوں غلط ہیں

9) کس نے انسان، انسان میں کبھی فرق نہیں برتا تھا؟

a) مولانا رجب b) بھرت نارائن جی

c) ودیاچرن جی d) تینوں جواب صحیح ہیں

Dr BILAL's

10) یہ کون تھے جو جہاں تقریر کرتے، ایک سلگتی چنگاری چھوڑ جایا کرتے۔

a) مولانا رجب b) بھرت نارائن جی

c) ودیا چرن جی d) تینوں جواب صحیح ہیں

11) بھرت نارائن جی نے ساری زندگی کس مضمون کو پڑھا اور پڑھایا تھا۔

a) تاریخ b) سماجیات

c) اردو d) انگریز

12) ودیا چرن جی کی تقریر جہاں ہوتی اس کا ایک ایک حرف کس تک پہنچتا تھا؟

a) بھرت نارائن جی b) مولانا رجب

c) عوام تک d) پارٹی کے لوگوں

13) الیکشن کی کونسی میٹنگ باقی تھی؟

a) پہلی b) چوتھی

c) دوسری d) آخری

14) ودیا چرج جی کو آنکھیں کس نے دان کی تھیں؟

a) مولانا رجب b) ان کے دوست نے

c) بھرت نارائن نے d) کسی نے نہیں

15) کونسا عقیدہ ہر مذہب میں موجود ہے۔

a) انسان جنت سے نکالے ہوئے آدمؑ کی اولاد ہے

b) آدمؑ جنت سے نکالے ہوئے انسان کی اولاد ہے

c) انسان جہنم سے نکالے ہوئے آدمؑ کی اولاد ہے

d) آدمؑ جہنم سے نکالے ہوئے انسان کی اولاد ہے

16) ودیا چرن جی تقریر کا جواب کون دیا کرتے تھے؟

a) بھرت نارائن جی b) ضلع افسر

c) مولانا رجب جی d) کوئی بھی نہیں

17) کس نے ودیا چرن جی کو کچھ عرصہ آرام کی ضرورت بتائی تھی؟

a) دوستوں نے b) پارٹی ورکرس نے

c) ڈاکٹروں نے d) مولانا رجب نے

18) مجمع میں بیٹھی کون سوچ رہی تھی کہ ''پھر سارا دیش ہمارے محلے جیسا کیوں نہ بنے''؟

a) زہرہ جمال b) اندومتی

c) ادا جعفری d) جیلانی بانو

19) محاورہ ''ترکی بہ ترکی جواب دینا'' کا مطلب کیا ہے؟

a) کاہلی سے جواب دینا b) سوچ سمجھ کر جواب دینا

c) سرعت کے ساتھ جواب دینا d) سخت جواب دینا

20) ''یہ ماں اتنے سنکٹ میں جہاں کوئی بھی سچا مارگ درشک نہیں رہا۔'' یہ جملہ کس نے کہا تھا؟

a) مولانا رجب b) بھرت نارائن جی

c) ڈاکٹروں d) ودیا چرن جی

21) مولانا رجب کے مرید کیا سوچ رہے تھے؟

a) مولانا رجب جھوٹ کہہ رہے ہیں۔

b) مولانا رجب حق بات کہہ رہے ہیں۔

c) دیا چرن جی حق بات کہہ رہے ہیں۔

d) ودیا چرن جی جھوٹ کہہ رہے ہیں۔

22) محاورہ ''ایک آنکھ سے دیکھنا'' کا مطلب کیا ہے؟

a) سب کو ایک آنکھ سے دیکھنا۔

b) سب کو آنکھیں کھول کر دیکھنا۔

c) سب کو یکساں سمجھنا یا انصاف پسند ہونا۔

d) ایک آنکھ بند کر کے دیکھنا۔

23) ودیا چرن جی کے مطابق تاریخ ہمیں کیا سکھاتی ہے؟

a) پیچھے دیکھنا سکھاتی ہے۔ b) آگے بڑھنا سکھاتی ہے۔

c) حکومت کرنا سکھاتی ہے۔ d) پرانے رسم و رواج سکھاتی ہے

## مرثیہ

1) جس نظم میں کسی مرنے والے کی تعریف کی جاتی ہے اسے اصطلاحِ شاعری میں کیا کہتے ہیں؟

a) قصیدہ b) رباعی

c) غزل d) مرثیہ

2) مرثیہ کی قسمیں کتنی ہیں؟

a) دو b) تین

c) چار d) پانچ

3) مرثیہ کی کونسی قسم میں حضرت امام حسینؓ، ان کے عزیزوں اور رفیقوں کی شہادت کے واقعات بیان کئے جاتے ہیں۔

Dr BILAL's

a) کربلائی مرثیہ b) شخصی مرثیہ

c) مرثیہ d) تینوں غلط ہیں

4) عموماً مرثیے کس ہیئت میں لکھے جاتے ہیں؟

a) رباعی b) مسدس

c) مخمس d) مثلث

5) مسدس کے ہر بند میں کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟

a) 4 b) 3

c) 6 d) 5

6) مرثیہ نظم کس نے لکھی ہے؟

a) مرزا غالبؔ b) میر انیسؔ

c) سلیمان خمار d) فراق گورکھپوری

7) میر انیسؔ کا اصل نام کیا تھا؟

a) میر ببر علی b) میر شیر علی

c) شیر علی انیس d) ببر علی انیس

8) میر انیس کب پیدا ہوئے؟

a) 1800ء b) 1804ء

c) 1803ء d) 1802ء

9) میر انیسؔ کہاں پیدا ہوئے؟

a) فیض آباد b) اکبر آباد

c) حیدر آباد d) مراد آباد

10) میر انیس کس اصنافِ سخن کے عظیم شاعر مانے جاتے ہیں؟

a) غزل b) مرثیہ

c) رباعی d) قصیدہ

11) میر انیسؔ کو کیا کہا جاتا ہے؟

a) استادِ سخن b) عوامی شاعر

c) الفاظ کا بادشاہ d) شاعرِ اسلام

12) کس کا کلام فصاحت، سلاست، روانی اور بے ساختگی کا بہترین نمونہ ہے۔

a) میر انیسؔ b) مرزا دبیرؔ

c) علامہ اقبالؔ d) مرزا غالبؔ

13) کن کے مرثیوں میں منظر کشی، جذبات نگاری، رواں دواں مکالمے بے مثال ہیں۔

a) مرزا دبیرؔ b) اسرار الحق مجاز

c) مرزا غالبؔ d) میر انیسؔ

14) میر انیسؔ کا انتقال کب ہوا؟

a) 1874ء b) 1872ء

c) 1875ء d) 1873ء

15) حضرت فاطمہؓ کا نورِ عین کسے کہا گیا ہے؟

a) حضرت امام حسنؓ b) حضرت امام حسینؓ

c) حضرت علیؓ d) حضرت ابوبکرؓ

16) ''مخبرِ صادق'' سے مراد کون ہیں؟

a) حضرت محمد ﷺ b) امام حسنؓ

c) حضرت علیؓ d) امام حسینؓ

17) محاورہ ''سر پیٹنا'' کا مطلب کیا ہے؟

a) سر کو مارنا b) ماتم کرنا

c) خوشی کا اظہار کرنا d) بہت خوش ہونا

18) میدانِ جنگ میں اس وقت ہنگامہ برپا ہوا جب۔

a) اعلانِ جنگ کی آواز آئی۔

b) اہلِ بیت ایک جگہ جمع ہو گئے۔

c) حضرت امام حسینؓ جنگ کے لئے نکلے۔

d) بارانِ رحمت کی آمد ہوئی۔

19) حضرت امام حسینؓ نے اہلِ بیت سے صبر کی تلقین اس لئے کی کیونکہ

a) دوسرا کوئی اور راستہ نہیں تھا۔

b) اہلِ بیت سے صبر کا دامن چھوٹنے لگا تھا۔

c) اضطراب، اطمینان سے بدل سکتا تھا۔

d) اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کو پسند فرماتا ہے۔

20) حضرت امام حسینؓ دنای سے رخصت ہونے کے لئے تیار تھے کیونکہ

a) یہی جنت پانے کا واحد راستہ تھا۔

b) دشمنانِ حق کو رحم آجائے۔

c) امت کی بخشش کا ذریعہ بنیں۔

d) اہلِ بیت کو سرخ روئی نصیب ہوئی۔

21) حضرت امام حسینؓ کو ماں کا پیار اس وقت یاد آیا جب۔

a) لختِ جگر کو مایوس دیکھا۔

Dr BILAL's

b) بہن زینب کو بے چین دیکھا۔

c) میدانِ جنگ میں علم بلند کیا۔

d) اصغر پیاسے تڑپ رہے تھے۔

22) ''نوحہ گر'' سے کیا مراد ہے؟

a) رونے والا b) درد محسوس کرنے والا

c) زور سے ہنسنے والا d) تکلیف دینے والا

23) ''نورِعین'' لفظ کا مطلب کیا ہے؟

a) آنکھوں کا چشمہ b) آنکھوں کا نور

c) اندھا d) ایک آنکھ سے دیکھنے والا

24) ان میں سے غیر متعلق لفظ الگ کیجئے؟

a) علم b) الم

c) پرچم d) جھنڈا

25) شہ امام سے کیا مراد ہے؟

a) حضرت امام حسنؑ b) حضرت عمر فاروقؓ

c) حضرت امام حسینؑ d) حضرت ابوبکر صدیقؓ

26) میر انیسؔ کے مرثیے کتنے جِلدوں میں شائع ہوئے ہیں؟

a) چار b) سات

c) چھ d) پانچ

27) میر انیسؔ کو شاعری کہاں سے ملی؟

a) ورثے میں b) مدرسے میں

c) استاد سے d) والد سے

28) ان میں سے غیر متعلق لفظ الگ کیجئے؟

a) شرفاء کا زنانخانہ b) منکوحہ بیوی

c) خانۂ کعبہ کی چار دیواری d) چین وسکون

## سرحدوں کا جال

1) اصنافِ سخن کی کونسی صنف مختلف ہیئتوں میں لکھی جاتی ہے؟

a) رباعی b) غزل

c) نظم d) مرثیہ

2) آزاد نظم میں مصرعوں میں ارکان کیا ہوتے ہیں؟

a) صرف گھٹتے ہیں b) گھٹتے بڑھتے ہیں

c) صرف بڑھتے ہیں d) یکساں ہوتے ہیں

3) آج کل کس کے لکھنے کا چلن عام ہے۔

a) آزاد نظمیں b) پابند نظمیں

c) غزلوں کا d) کسی کا بھی نہیں

4) تمہاری درسی کتاب میں شامل ''سرحدوں کا جال''، نظم کیسی ہے؟

a) بہترین نظم b) طویل نظم

c) پابند نظم d) آزاد نظم

5) سلیمان خمارؔ نے کونسی نظم لکھی ہے؟

a) رشوت b) سرحدوں کا جال

c) آمدِ بہار d) ماتمِ آزادی

6) پابند نظم میں مصرعوں کے ارکان کیا ہوتے ہیں۔

a) بدلتے رہتے ہیں۔ b) آگے پیچھے ہوتے ہیں۔

c) یکساں ہوتے ہیں۔ d) گھٹتے بڑھتے ہیں۔

7) نظم ''سرحدوں کا جال''، میں کونسی رکن کا استعمال کیا گیا ہے؟

a) فاعلاتن b) فعولن

c) فاعلن d) فعولاتن

8) سلیمان خمارؔ کا اصل نام کیا ہے؟

a) قاسم علی b) قاسم صاحب

c) محمد علی d) ایوب علی

9) سلیمان خمارؔ کا تخلص کیا ہے؟

a) سلیمانؔ b) قاسمؔ

c) خمارؔ d) علیؔ

10) سلیمان خمارؔ کا تعلق کس ریاست سے ہے؟

a) بہار b) کرناٹک

c) تمل ناڈو d) مہاراشٹرا

11) سلیمان خمارؔ کا تعلق کس شہر سے ہے؟

a) پٹنہ b) بیجاپور

c) چینئی d) ممبئی

12) سلیمان خمارؔ کب پیدا ہوئے؟

a) یکم مارچ 1944ء b) یکم مارچ 1945ء

Dr BILAL'S

c) یکم مارچ1940ء d) یکم مارچ 1947ء

13) سلیمان خمّار کا پہلا شعری مجموعہ کونسا ہے؟

a) تیسرا سفر b) آخری سفر

c) سمندر جاگتا رہا d) سمندر کا سفر

14) سلیمان خمّار کا دوسرا مجموعہ کونسا ہے؟

a) تیسرا سفر b) آخری سفر

c) سمندر جاگتا رہا d) سمندر کا سفر

15) وہ جگہ جہاں زمین و آسمان ملتے نظر آتے ہیں اسے کیا کہتے ہیں؟

a) اڑان b) ملن

c) افق d) سرحد

16) انسان پابندی سے زیادہ کیا پسند کرتا ہے؟

a) آزادی b) قید

c) اکیلا پن d) کچھ بھی نہیں

17) ان میں سے غیر متعلق لفظ الگ کیجئے۔

a) نقشہ b) آبادی

c) سرحد d) ملک

18) خدا نے جب زمین بنائی تو اس پر کیا نہیں تھیں؟

a) ملک کے نام b) ملک کی سرحدیں

c) آبادی d) جنگلات و سمندر

## طوطئ ہند امیر خسرو

1) طوطئ ہند کے نام سے کس کو یاد کیا جاتاہ؟

a) امیر خسرو b) علامہ اقبال

c) مرزا غالب d) جوش ملیح آبادی

2) امیر خسرو کا اصل نام کیا تھا؟

a) امیر حسن b) ابوالحسن

c) امیر سیف الدین d) سیف الدین خسرو

3) امیر خسرو کے والد کا نام کیا تھا؟

a) امیر سیف الدین b) خواجہ سعدالدین

c) عمادالملک d) علاء الدین خلجی

4) امیر خسرو کب پیدا ہوئے؟

a) 1254ء b) 1206ء

c) 1260ء d) 1230ء

5) امیر خسرو کی پیدائش کس ریاست میں ہوئے؟

a) کرناٹک b) پنجاب

c) اتر پردیش d) ہریانہ

6) امیر خسرو کے والد کون تھے؟

a) ایرانی b) افغانی

c) ہندوستانی d) تُرک

7) امیر خسرو کے والد کا تعلق کس قبیلے سے تھا؟

a) ہزارہ b) قریش

c) پٹھان d) قادری

8) امیر خسرو نے کم عمری میں کونسا فن سیکھا؟

a) فنِ سپہ گری b) فنِ خطاطی

c) فنِ شاعری d) فنِ موسیقی

9) ایک دفعہ امیر خسرو کے استاد خواجہ سعدالدین اپنے شاگرد کے ہمراہ کس مشہور عالم کی محفل میں پہنچے؟

a) مرد درویش b) خواجہ نظام الدین

c) خواجہ عزالدین d) عمادالملک

10) خواجہ عزالدین خسرو کی شعری صلاحیتوں کو دیکھ کونسا تخلص اختیار کرنے کا مشورہ دیا؟

a) امیر b) خسرو

c) خواجہ d) سلطانی

11) امیر خسرو کے نانا کا نام کیا تھا؟

a) امیر سیف الدین b) خواجہ سعدالدین

c) عمادالملک d) علاء الدین خلجی

12. کس کے دور میں خسرو کی شاعرانہ صلاحیتوں کے اظہار کا بھر موقع نصیب ہوا؟

a) علاء الدین خلجی b) مبارک شاہ خلجی

c) بلبن d) محمد بن تغلق

13) کس کی فرا؟ ش پر خسرو نے مثنوی نہہ سپر لکھی؟

Dr BILAL's

a)علاء الدین خلجی b)مبارک شاہ خلجی

c)محمد بن تغلق d)بلبن

14) مثنوی نہ سپہر کی تکمیل پر مبارک شاہ نے کس کے ہم وزن سونا دینے کا وعدہ کیا تھا؟

a)شیر b)ہاتھی

c)گھوڑا d)اونٹ

15) امیر خسرو مبول و معروف شاعر کے علاوہ کس کے ماہر تھے؟

a)فن سپہ گری b)فن خطاطی

c)فن مصوری d)فنِ موسیقی

16) کہا جاتا ہے کہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کی موجوہ طرز خسرو کی ہی ایجاد ہے۔

a)بھجن b)شاستریہ سنگیت

c)قوالی d)پہیلی

17) خسرو نے ہندوستانی اور۔۔۔۔۔۔موسیقی کے امتزاج سے نئے سُر ایجاد کیئے۔

a)افغانی b)چینی

c)تُرکی d)ایرانی

18) آلہ موسیقی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کی ایجاد کا سہرا خسرو ہی کے سر ہے۔

a)شہنائی b)بانسری

c)طبلہ d)ستار

19) موسیقی کے مقابلے میں خسرو نے اپنے ہم عصر موسیقار گوپال کو شکست دیکر کونسا مرتبہ حاصل کیا؟

a)نائک b)نائب

c)استاد d)ماہر

20) خسرو کے پیرومرشد کا نام کیا تھا؟

a)خواجہ عزالدین b)خواجہ سعدالدین

c)حضرت نظام الدین اولیا d)علاء الدین

21) امیر خسرو کس کے پیامبر تھے؟

a)موسیقی b)قومی یکجہتی

c)شاعری d)قوالی

22) امیر خسرو کس قدیم زبان کو علوم و فنون کا خزانہ مانتے تھے؟

a)پالی b)سنسکرت

c)کنڑا d)مراٹھی

23) امیر خسرو کس کے شیدائی تھے؟

a)پان b)تمباکو

c)سپاری d)گٹکھا

24) امیر خسرو کن پھلوں کے دلدادہ تھے؟

a)آم اور انگور b)خربوزہ اور سیب

c)آم اور چیکو d)آم اور خربوزہ

25) ان میں سے کس کا ہماری تہذیب سے گہرا رشتہ جو ہے؟

a)پان b)تمباکو

c)آم d)خربوزہ

26) خسرو کس پرندے پر جان چھڑکتے تھے؟

a)شاہین b)طوطا

c)کوا d)چڑیا

27) خسرو طوطے کے علاوہ کس ہندوستانی پرندے کو پسند کرتے تھے؟

a)مور b)کوا

c)چڑیا d)اُلّو

28) خسرو کس مثنوی میں اپنی بیٹی کو باعفت اور پاک دامن رہنے کی تاکید کی؟

a)شیریں فرہاد b)لیلیٰ مجنوں

c)ہشت بہشت d)آئینہ سکندری

29) خسرو کس مثنوی میں سلطان علائالدین کو نصیحتیں کیں اور فرائض آگاہ کیا؟

a)شیریں فرہاد b)لیلیٰ مجنوں

c)ہشت بہشت d)آئینہ سکندری

30) امیر خسرو کی عظمت کا اعتراف کس شاعر نے کیا ہے؟

a)غالب b)حالی

c)علامہ اقبال d)ولی دکنی

Dr BILAL's

# غزلیں (حصہ دوم)

1) کس صنفِ سخن میں عشقِ حقیقی اور عشقِ مجازی کی باتیں کی جاتی ہیں؟

a) غزل b) منقبت

c) مرثیہ d) قصیدہ

2) عشقِ حقیقی سے مراد۔

a) دنیا سے محبت b) دنیاوی محبوب سے عشق

c) اللہ تعالیٰ سے عشق d) مال و دولت سے عشق

3) عشقِ حقیقی سے مراد۔

a) دنیا سے محبت b) دنیاوی محبوب سے عشق

c) اللہ تعالیٰ سے عشق d) مال و دولت سے عشق

4) اقبالؔ کی غزلوں میں کس کی سرشاری ملتی ہے؟

a) عشقِ مجازی b) عشقِ حقیقی

c) رومانیت d) ان میں سے کوئی نہیں

5) علامہ اقبالؔ کا اصل نام۔

a) شیخ ولی محمد b) منظور حسین قادری

c) مرزا اسداللہ d) شیخ محمد اقبال

6) علامہ اقبال کب پیدا ہوئے؟

a) 1884ء b) 1877ء

c) 1797ء d) 1938ء

7) علامہ اقبال کہاں پیدا ہوئے؟

a) سیالکوٹ b) لاہور

c) کلبرگی d) آگرہ

8) علامہ قبال نے اپنے کلام میں کس قوم میں ایک نئی روح پھونکی؟

a) ہندوؤں میں b) مسلمانوں میں

c) پاکستانیوں میں d) ہندوستانیوں میں

9) علامہ اقبال کی شاعری کس کی تفسیر ہے؟

a) اسلامی نظریات b) ہندوستانی معاشرہ

c) مغربی تہذیب d) مشرقی تہذیب

10) شاعرِ مشرق کے نام سے کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟

a) مرزا غالبؔ b) علامہ اقبالؔ

c) جوشؔ ملیح آبادی d) میر انیسؔ

11) ان میں سے علامہ اقبال کا شعری مجموعہ نہیں ہے؟

a) بانگِ درا b) بالِ جبرئیل

c) قوسِ قزح d) ضربِ کلیم

12) علامہ اقبال کا انتقال کب ہوا؟

a) 1869ء b) 1938ء

c) 1955ء d) 1953ء

13) لفظ ''لن ترانی'' کے معنی کیا ہیں؟

a) تو مجھے نہیں دیکھ سکے گا b) تو مجھے دیکھ سکے گا

c) ہو جا d) رک جا

14) ''ذرا سا تو دل ہوں، مگر شوخ اتنا وہی لن ترانی سنا چاہتا ہوں''

درجِ بالا شعر میں کونسی صنعت استعمال کی گئی ہے۔

a) صنعتِ تضاد b) صنعتِ تلمیح

c) صنعتِ تشبیہہ d) صنعتِ تکرار

15) لفظ ''لن ترانی'' غزل میں کس نبی کے واقعہ کی طرف اشارہ کرتا ہے؟

a) حضرت عیسیٰؑ b) حضرت ابراہیمؑ

c) حضرت موسیٰؑ d) حضرت یوسفؑ

16) اسرار الحق مجازؔ کہاں پیدا ہوئے؟

a) بارہ بنکی b) میسور

c) سیالکوٹ d) آگرہ

17) مجازؔ کب پیدا ہوئے؟

a) 1877ء b) 1911ء

c) 1935ء d) 1948ء

18) مجاز کا صرف ایک ہی لکھا ہوا مجموعہ جوان کی شہرت کا سبب بنا۔

a) صفِ ریحان b) پہچان کا درد

c) آہنگ d) نشاطِ غم

19) مجاز غزل کے پہلے شعر میں کس مخاطب ہیں؟

a) زمانے کے ہنگاموں سے b) موجودہ گورنمنٹ

c) انگریزی حکومت d) اپنی بے بسی سے

20) مجاز ذوقِ تصور میں کس کو بھولنے کی بات کر رہے ہیں؟

Dr BILAL'S

a) اپنے آپ کو b) اپنے بچپن کو
c) اپنے محبوب کی صورت کو d) زمانے کے ہنگاموں کو

21) شاعر کس کا مداوا کر نہ سکے؟
a) اپنا ہی b) اپنے محبوب کا
c) زمانے کا d) تینوں جواب صحیح ہیں۔

22) حمید الماس کب پیدا ہوئے؟
a) 1877ء b) 1911ء
c) 1935ء d) 1948ء

23) حمید الماس کہاں پیدا ہوئے؟
a) کلبرگی b) میسور
c) بنگلور d) بارہ بنکی

24) حمید الماس کا پہلا مجموعہ کب شائع ہوا؟
a) 1974ء b) 1977ء
c) 1935ء d) 2002ء

25) حمید الماس کا پہلا مجموعہ کس نام سے شائع ہوا؟
a) جوئے سبز b) پہچان کا درد
c) رنگِ تماشا d) آخری ساعت سے پہلے

26) حمید الماس نے بسویشور کے کنڑا وچنوں کا اردو ترجمہ کر کے کس نام سے شائع کیا؟
a) برفِ شجر آواز b) رنگِ تماشا
c) نقشِ خرابی d) فرمودات

27) حمید الماس کا آخری شعری مجموعہ کونسا ہے؟
a) جوئے سبز b) پہچان کا درد
c) رنگِ تماشا d) آخری ساعت سے پہلے

28) شہر سے شاعر کے نکلنے کی وجہ کیا تھی؟
a) ملازمت کے سلسلے میں b) ان کے تعلقات کے موسم بدل گئے
c) والدین کی مرضی تھی d) ان میں سے کوئی نہیں

29) آندھیوں میں لوگوں کی حالت کیا تھی؟
a) لوگ بے حال تھے b) کچھ لوگ گرے اور خود سنبھل گئے
c) گھر سے بے گھر ہو گئے d) تمام صحیح ہیں

30) خلیل مامون کا اصل نام کیا ہے؟
a) خلیل اللہ b) خلیل احمد
c) خلیل الرحمٰن d) خلیل مامون

31) خلیل مامون کب پیدا ہوئے؟
a) 1947ء b) 2011ء
c) 1971ء d) 1948ء

32) بہت زیادہ قرب کا انجام کیا ہوا؟
a) جھگڑا b) نزدیکی
c) اکتاہٹ d) دوری

33) کس چیز سے شاعر خلیل مامون تنگ آچکے تھے؟
a) منزلِ وفا b) راہ میں فریب
c) اپنے آپ سے d) دوری

34) نور بن کر برسنے کا حق شاعر کو کب ملا؟
a) دوریوں سے b) حد سے زیادہ زخموں کو سہنے کے بعد
c) منزلِ وفا کے پانے کے بعد d) راہ میں فریب کھانے کے بعد

Dr BILAL'S

# اردو قواعد

1) وہ علم جس سے شعر کا وزن یا ارکان کی تکرار معلوم کی جاتی ہو

a) علم عروض b) علمِ تقطیع

c) علمِ بحر d) علمِ رمل

2) مفرد جملے کی قسمیں ہیں۔

a) خبریہ اور انشائیہ b) مطلق اور ملتف

c) اسمیہ اور فعلیہ d) مفرد اور مرکب

3) غزل کے آخری شعر کو کہتے ہیں؟

a) مطلع b) حسنِ مطلع

c) بیت الغزل d) مقطع

4) مرکب جملے کی قسمیں ہیں۔

a) دو b) چار

c) چھ d) تین

5) کلام میں کسی دو چیزوں کو ان کی مشترکہ صفت کی بنا پر ایک دوسرے کی مثال دی جائے تو اسے کہتے ہیں۔

a) استعارہ b) تشبیہہ

c) تضاد d) تکرار

6) ممبئی جدت پسند شہر ہے۔ اس جملے میں فعلِ ناقص ہے۔

a) جدت پسند b) ہے

c) ممبئی d) شہر

7) ذیل میں سابقہ کی نشاندہی کیجئے۔

a) لازوال b) عیدگاہ

c) دولت مند d) زمیندار

8) وہ نظم جس کے مصرعوں میں ارکان گھٹتے بڑھتے رہتے ہیں۔

a) پابند نظم b) مسلسل نظم

c) آزاد نظم d) مختصر نظم

9) واحد جمع کے لحاظ سے غیر موزوں لفظ الگ کیجئے۔

a) واقعات b) حالات

c) اثرات d) برسات

10) ان میں سے مرکب جملہ کونسا ہے؟

a) عورتوں کے معاملے میں خدا سے ڈرو۔

b) خدا کے سوا کوئی معبود نہیں۔

c) تمہارا حق عورتوں پر ہے اور عورتوں کا تم پر

d) اپنے غلاموں کے حق میں انصاف کرو۔

11) وہ نظم جس میں اللہ تعالیٰ کی تعریف و توصیف بیان کی جاتی ہے۔

a) منقبت b) حمد

c) نعت d) مرثیہ

12) اصنافِ سخن میں کونسی صنف نظم کے دائرے سے خارج ہے۔

a) ڈرامہ b) مرثیہ

c) رباعی d) پابند نظم

13) شاباش تمہارا کا بہت عمدہ ہے۔ جملہ کی نشاندہی کیجئے۔

a) تحسین b) استفہام

c) عرض d) حکم

14) اردو شاعری کی مقبول ترین صنف کونسی ہے؟

a) رباعی b) مرثیہ

c) غزل d) قصیدہ

15) رباعی کا وہ مصرعہ جو قافیہ اور ردیف کا پابند نہیں ہوتا۔

a) پہلا b) دوسرا

c) تیسرا d) چوتھا

16) کسی واقعہ، کیفیت یا صورتِ حال کی خبر دینے والے جملے کو کہتے ہیں۔

a) جملہ انشائیہ b) جملہ خبریہ

c) جملہ فعلیہ d) مقطع

17) پامال لفظ کا مترادف لکھئے۔

a) برباد b) آباد

c) خوشی d) بدلہ

18) درج ذیل میں لاحقہ کی نشاندہی کیجئے۔

a) ناپاک b) روشناس

c) بدکار d) لاجواب

19) غزل کا سب سے اچھا شعر ہے۔

a) مطلع b) مقطع

c) بیت الغزل d) تخلص

Dr BILAL'S

20) درج ذیل شعر میں استعمال شدہ صنعت کی نشاندہی کیجئے۔

پتہ پتہ بوٹا بوٹا حال ہمارا جانے ہے

جانے نہ جانے گل ہی نہ جانے باغ تو سارا جانے ہے

a) صنعتِ تلمیح b) صنعت تضاد

c) صنعتِ تکرار d) صنعتِ استعارہ

21) ایک آنکھ سے دیکھنا۔ اس محاورے کے معنی کیا ہیں۔

a) یکساں دیکھنا b) نظر لگانا

c) ایک آنکھ بند کرکے دیکھنا d) سب کو الگ الگ نظر سے دیکھنا

22) صورت کے لحاظ سے جملے کی قسمیں کتنی ہیں۔

a) ایک b) تین

c) چار d) تین

23) لاحقہ کی نشاندہی کیجئے۔

a) خوشبو b) بے وفا

c) بدبخت d) منافع خور

24) محاورہ ترکی بہ ترکی جواب دینا۔ کے معنی ہیں۔

a) ترکی کا سفر کرنا b) نہایت خوش ہونا

c) کھل کر ہنسنا d) جیسا کہے ویسا جواب دینا

25) الفاظ کا ایسا مجموعہ جس سے پوری بات سمجھ میں آجائے۔

a) انشائیہ کہلاتا ہے b) من جملہ کہلاتا ہے

c) جملہ کہلاتا ہے d) مصرع کہلاتا ہے

26) ایسا نام جو ماں باپ، بیٹے یا بیٹی کے نام سے مشہور ہو جائے۔

a) کنیت b) تخلص

c) اسم d) روحانیت

27) غزل کا آخری شعر جس میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرتا ہے۔

a) مطلع b) شاہِ بیت

c) مقطع d) بیت الغزل

28) کاش میں کامیاب ہوتا۔ یہ کس جملے کی مثال ہے۔

a) تمنا b) تعجب

c) تحسین d) عرض

29) چار مصرعوں والی نظم کو کیا کہتے ہیں؟

a) غزل b) مرثیہ

c) آزاد نظم d) رباعی

30) وہ جملہ جس میں کہنے والے کے خیال، خواہش یا جزبہ کا ذکر ہو۔

a) جملہ انشائیہ b) جملہ خبریہ

c) جملہ مطلق d) جملہ ملتف

31) درج ذیل شعر میں کونسی صنعت استعمال کی گئی ہے۔

نہ حسنِ تعین سے ظاہر ہو کہ باطن

یہ قید نظر کی ہے وہ فکر کا زنداں ہے

a) صنعتِ تلمیح b) صنعت تضاد

c) صنعتِ تکرار d) صنعتِ تشبیہہ

32) پرنسپل نے ساری زندگی تاریخ پڑھی اور پڑھائی تھی۔ یہ جملہ ہے۔

a) سببی b) وصلی

c) استدراکی d) تردیدی

33) رباعی کا کونسا مصرع حاصلِ کلام ہوتا ہے۔

a) پہلا مصرع b) دوسرا مصرع

c) تیسرا مصرع d) چوتھا مصرع

34) بھرت نارائن جی کی درشٹی ہی کا کمال تھا ورنہ ودیا چرن جی اندھے ہی رہ جاتے۔ یہ جملہ ہے۔

a) سببی b) وصلی

c) استدراکی d) تردیدی

35) صورت کے لحاظ سے جملے کی یہ قسمیں ہیں؟

a) جملہ فعلیہ اور اسمیہ b) جملہ انشائیہ اور اسمیہ

c) جملہ مرکب اور فعلیہ d) جملہ مفرد اور مرکب

36) ایسا مرکب جملہ جس کے دوسرے حصہ میں سبب، وجہ اور نتیجہ کا ذکر ہو۔

a) جملہ سببی b) جملہ استدراکی

c) جملہ وصلی d) جملہ تردیدی

37) مضمون کا دوسرا جز ہے۔

a) تمہید b) نفسِ تمہید

c) نفسِ مضمون d) خاتمہ

38) کلام میں کسی واقعہ یا روایات کی طرف اشارہ کرنا کہلاتا ہے۔

a) صنعتِ طباق b) صنعتِ استعارہ

c) صنعتِ اشارہ d) صنعتِ تلمیح

Dr BILAL'S

39) ان میں سابقہ ہے۔

a) بدکار
b) یتیم خانہ
c) روشناس
d) سوداگر

40) وہ منظومِ کلام جس کا ہر شعر معنی کے لحاظ سے مکمل ہوتا ہے۔

a) مرثیہ
b) غزل
c) نظم
d) رباعی

41) جس جملہ میں مسندالیہ اسم اور مسند فعل ہو، کہلاتا ہے۔

a) جملہ اسمیہ
b) جملہ فعلیہ
c) جملہ خبریہ
d) جملہ انشائیہ

42) جملہ انشائیہ کی کیجیے۔

a) بچہ روتا ہے
b) بلی بیٹھی ہے
c) رات گذری
d) ہوشیار آگے کا راستہ پُر خطر ہے

43) اس شعر میں استعمال کی گئی صنعت ہے۔ کیا کیا خضرؑ سکندر سے
اب کسے رہنما کرے کوئی

a) صنعتِ طباق
b) صنعتِ استعارہ
c) صنعتِ اشارہ
d) صنعتِ تلمیح

44) وہ جملہ دو مفرد جملوں سے بنا ہو۔

a) مفرد جملہ
b) مرکب جملہ
c) جملہ انشائیہ
d) جملہ خبریہ

45) غزل کے پہلے شعر کو کیا کہتے ہیں؟

a) مطلع
b) حسنِ مطلع
c) بیت الغزل
d) مقطع

46) اس شعر میں استعمال کی گئی صنعت ہے۔ ابنِ مریم ہوا کرے کوئی
مرے دکھ کی دوا کرے کوئی

a) صنعتِ طباق
b) صنعتِ استعارہ
c) صنعتِ اشارہ
d) صنعتِ تلمیح

47) بدایوں قدامت پسند شہر ہے۔ مسندالیہ کی نشاندہی کیجیے۔

a) بدایوں
b) قدامت
c) پسند
d) شہر

48) معنوی اعتبار سے غیر موزوں لفظ الگ کیجیے۔

a) نیتا
b) لیڈر
c) رہنما
d) بدنما

## حصّہ نثر

**1) جملہ کسے کہتے ہیں؟**

جواب: الفاظ کا وہ مجموعہ جس سے کچھ معنی و مطلب نکلتے ہوں۔ جملہ کہلاتا ہے۔

**2) جملے کے حصّے کتنے ہیں اور کونسے ہیں؟**

جواب: جملے کے دو حصّے ہیں۔ ۱) مبتدا ۲) خبر

**3) معنی کے لحاظ سے جملے کی قسمیں کتنی ہیں اور کونسی ہیں؟**

جواب: دو قسمیں ہیں ۱) جملہ خبریہ ۲) جملہ انشائیہ

4) صورت کے لحاظ سے جملے کی قسمیں کتنی ہیں اور کونسی ہیں؟

جواب: دو قسمیں ہیں ۱) مفرد جملہ ۲) مرکب جملہ

5) مفرد جملہ کسے کہتے ہیں مثال دیجیے؟

جواب: وہ جملہ جس میں صرف ایک مبتدا اور ایک خبر ہو۔

**6) مرکب جملہ کسے کہتے ہیں۔ مثال دیجیے؟**

جواب: وہ جملہ دو یا دو سے زیادہ مفرد جملوں سے بنا ہو۔ اسے مرکب جملہ کہتے ہیں۔

**7) جملہ انشائیہ کسے کہتے ہیں؟**

جواب: جملہ انشائیہ وہ ہے۔ جس میں کہنے والے کے خیال، اس کی خواہش یا جذبہ کا اظہار ہو۔

**8) جملہ خبریہ کسے کہتے ہیں؟**

جواب: "جملہ خبریہ ایسے جملے کو کہتے ہیں۔ جو کسی واقعے، کیفیت یا صورتِ حال کی خبر دے"۔

**9) مفرد جملے کی قسمیں کتنی ہیں اور کونسی ہیں؟**

جواب: دو قسمیں ہیں ۱) جملہ اسمیہ ۲) جملہ فعلیہ

**10) مرکب جملے کی قسمیں کتنی ہیں اور کونسی ہیں؟**

جواب: مرکب جملے کی دو قسمیں ہیں ۱) مرکب مطلق، ۲) مرکب ملتف

**11) جملہ فعلیہ کسے کہتے ہیں۔ مثال دیجیے؟**

جواب: وہ جملہ جس میں مبتدا اسم ہو، اور خبر فعل ہو ایسے جملے کو جملہ فعلیہ کہا جاتا ہے۔

مثال: نظیر آرہا ہے۔

**12) جملہ اسمیہ کسے کہتے ہیں۔ مثال دیجیے؟**

جواب: وہ جملہ جس میں مبتدا اور خبر دونوں اسم ہوں۔ اسے جملہ اسمیہ کہا جاتا ہے۔

مثال: احمد نیک لڑکا ہے۔

**13) مرکب مطلق کسے کہتے ہیں اور اس کی قسمیں کتنی ہیں؟**

جواب: ایسے دو جملے سے بنے ہیں۔ جو اپنی جگہ مکمل ہیں۔ اور پورا پورا معنیٰ دے

Dr BILAL'S

رہے ہیں۔ان کو الگ الگ بھی پڑھیں۔جب بھی یہ اپنا مکمل مفہوم دیتے ہیں۔ان میں ہر مفرد جملہ برابر کی حیثیت رکھتا ہے۔ان میں دو جملے حرفِ عطف یعنی ''اور'' کے ذریعے سے ملے ہیں۔ایسے جملےکو مرکب مطلق کہتے ہیں۔

اس کی چار قسمیں ہیں۔ ۱)وصلی، ۲)تردیدی ،۳)استدراکی،۴) سببی

**14) مرکب ملتف کسے کہتے ہیں؟ مثال دیجئے؟**

جواب:ملتف وہ مرکب جملہ ہے۔جس میں ایک جملہ اپنے معنی کے اظہار کے لئے دوسرے کا محتاج ہوتا ہے۔

یا

ایسا جملہ جس کا ایک جز اصلی (پہلا جملہ) اور دوسرا اس کے تابع ہو۔جب تک تابع جملہ (دوسرا جملہ) پڑھا نہیں جاتا۔اصلی جملے کا مطلب واضح نہیں ہوتا یہ جملہ ملتف کہلاتا ہے۔

مثال:1)وہ لڑکا جو محنتی تھا کامیاب ہوگیا۔ 2)وہ کتاب جو آپ ڈھونڈ رہے تھے میز پر ہے۔

**15) وصلی کسے کہتے ہیں مثال دیجئے؟**

جواب: ایسا جملہ ہے جس میں دو جملے حرفِ عطف کے ذریعے ملیں۔

مثال: ۱)طلبا کا کام اسکول جانا اور علم حاصل کرنا ہوتا ہے

۲) بھرت نارائن نے ساری زندگی تاریخ پڑھی اور پڑھائی تھی

**16) تردیدی کسے کہتے ہیں۔مثال دیجئے؟**

جواب:ایسا جملہ ہے جس میں ایک جز (پہلا جملہ) دوسرے جز (دوسرا جملہ) کی ضد ہو۔ان کے درمیان حرفِ تردید یعنی ''ورنہ'' کا استعمال کیا جائے تو وہ تردیدی جملہ کہلاتا ہے۔

مثلاً:۔ ۱)پرہیز کرتے رہو ورنہ مرض بڑھ جائے گا۔

۲)سمجھ کر کام کیا کرو ورنہ ناکام ہوجاؤ گے۔

**17) جملہ استدراکی کسے کہتے ہیں؟ مثال دیجئے؟**

جواب:استدراکی جملے میں دو باتیں کہی جاتی ہیں۔دوسری بات یا تو پہلی بات کے خلاف ہوتی ہے۔یا سے محدود کرتی ہے۔یا اس کی توسیع کرتی ہے۔

یا

ایسا مرکب جملہ جس کے دو حصّے ہوتے ہوں۔اور معنی کے اعتبار سے دوسرا حصّہ پہلے حصّے کے خلاف ہو یا پھر اس کی توسیع کرے۔

مثال:۱) وہ بڑی بڑی باتیں تو کرتا ہے مگر کام نہیں کرتا۔

۲) آم میٹھے ہی نہیں بلکہ سستے بھی ہیں۔

**18) جملہ سببی کسے کہتے ہیں؟ مثال دیجئے؟**

جواب:ایسا مرکب جملہ جس کے دوسرے حصّہ میں سببِ وجہ یا نتیجہ کا ذکر ہو۔

مثال:۔ ۱)گو اس کی عادتیں اچھی ہیں مگر نیت اچھی نہیں۔

۲)اس کی بات تو ٹھیک ہے مگر رویہ غلط ہے۔

۳)جابر کے کہنے کا انداز اچھا ہے مگر آواز صحیح نہیں ہے

**19) جملہ انشائیہ کی قسمیں کتنی ہیں؟**

جواب: 12 قسمیں ہیں۔

**20) ''حکم ''(امر) کسے کہتے ہیں مثال دیجئے؟**

جواب:وہ انشائیہ جملہ جس میں کسی کام کو کرنے کا حکم دیا گیا ہو۔

مثال:۔ ۱)قلم لاؤ۔

۲)جو سزا دی جاسکتی ہے بلا تامل دے دو

**21) ''نہی'' کسے کہتے ہیں؟ مثال دیجئے؟**

جواب:وہ انشائیہ جملہ جس میں کسی کام کا انکار کیا گیا ہو۔

مثال:۔ ۱)کم نہ تولو۔

۲)شور نہ کرو۔

**22) ''استفہام'' کسے کہتے ہیں مثال دیجئے؟**

جواب:وہ انشائیہ جملہ جس میں سوال کیا گیا ہو۔

سوالیہ الفاظ:۔کون،کب،کیسے،کسے،کیوں،کیا وغیرہ

مثال:۔ ۱)تم دھارواڑ سے کب آئے۔ ۲)تم نے آج کھانا کیوں نہیں کھایا؟

**23) ''تعجب'' کسے کہتے ہیں مثال دیجئے؟**

جواب:وہ انشائیہ جملہ جس میں اظہارِ تعجب ہو۔

تعجب کے لئے الفاظ:۔اللہ اللہ،ارے،ایں،ائی،ائی ائی،ائی ائیا ائیا،

مثال:۔۱)اللہ یہ کیا ہوگیا۔

**24) ''تحسین'' کسے کہتے ہیں مثال دیجئے؟**

جواب:وہ انشائیہ جملہ جس میں تعریف کا اظہار کیا گیا ہو۔

شاباش،سبحان اللہ،ماشاءاللہ،واہ،مرحبہ،جزاک اللہ،کیا خوب،کیا بات وغیرہ وغیرہ

۱)شاباش تمہارا کام بہت عمدہ ہے۔ ۲)ماشاءاللہ کیا خوبصورت چیز ہے۔

**25) ''تنبیہہ'' کسے کہتے ہیں۔مثال دیجئے؟**

جواب:وہ انشائیہ جملہ جس میں تنبیہہ کی گئی ہو۔

تنبیہہ:۔خبردار،نصیحت،تاکید،دیکھو،سنو،ہوں ہوں وغیرہ وغیرہ

1)خبردار!دوبارہ ایسا مت کرنا۔ 2)ہوشیار!ایسا نہ کرنا۔

**26) تمنا کسے کہتے ہیں مثال دیجئے؟**

جواب:وہ جملہ جس میں کسی خواہش یا تمنا کا اظہار ہو۔

1)کاش میں کامیاب ہوتا۔

2)کاش!آج ہم میں کوئی سقراط جیسا سچا اور آزاد جیسا ہوتا۔

**27) عرض کسے کہتے ہیں۔مثال دیجئے؟**

Dr BILAL's

جواب: وہ انشائیہ جملہ جس میں درخواست یا عرضی کی گئی ہو۔

عرض:۔ Request گذارش،

عرض کے لئے الفاظ:۔ازراہِ کرم، برائے کرم، برائے مہربانی، مہربانی Please

1) تم اپنا وقت یوں ضائع ہ کرو۔ 2) مہربانی فرما کر میرا کام کر دیجئے۔

**28) ندا کسے کہتے ہیں مثال دیجئے؟**

جواب: وہ انشائیہ جملہ جس میں آواز دی گئی ہو۔

ندا: آواز، صدا، ندا کے الفاظ:۔ارے، اے، وہ، اجی، جی، جناب، محترم، محترمہ

1) لوگو! امن وسکون کے ساتھ، لوگو امن وسکون کے ساتھ۔

2) خداوند گواہ رہنا۔

**29) تاسف کسے کہتے ہیں مثال دیجئے؟**

جواب: وہ انشائیہ جس میں افسوس کا اظہار کیا گیا ہو۔

تاسف:۔افسوس، رنج، پچھتاوا،

ہائے، اُف، افسوس

1) افسوس! عمر رائیگاں گئی۔ 2) اُف! یہ گرمی بہت زیادہ ہے۔

**30) شرط کسے کہتے ہیں مثال دیجئے؟**

جواب: وہ انشائیہ جملہ جس میں شرط رکھی گئی ہو۔

1) اگر تم محنت کرتے تو کامیاب ہو گئے ہوتے۔

2) اگر تم صحیح وقت پر آتے تو تمہیں بس مل جاتی۔

**31) قسم کسے کہتے ہیں مثال دیجئے؟**

جواب: وہ انشائیہ جملہ جس میں قسم کا اظہار کیا گیا ہو۔

قسم کے لئے الفاظ:۔قسم خدا کی، بخدا، للہٖ، اماں قسم، قسم سے، قرآن کی قسم

1) واللہ میں نے کبھی جھوٹ نہیں کہا۔

2) قسم خدا کی میں نے دروازہ نہیں توڑا۔

**32) مضمون کسے کہتے ہیں؟**

جواب: مضمون ایک ایسی تحریر ہے جس میں کسی موضوع پر تسلسل کے ساتھ اظہارِ خیال کیا جاتا ہے۔

**33) مضمون کے کتنے جز (حصّے) ہیں لکھئے۔**

جواب: مضمون کے تین جُز ہیں۔

۱) تمہید، ۲) نفسِ مضمون، ۳) خاتمہ

## حصّہ نظم

## اصنافِ سخن اور اجزائے غزل

**1) حمد کسے کہتے ہیں؟**

جواب: جس نظم میں شاعر اللہ تعالیٰ کی تعریف بیان کرتا ہے۔اسے حمد کہتے ہیں۔

**2) نعت کسے کہتے ہیں؟**

جواب: وہ نظم جس میں شاعر حضور ﷺ کی تعریف بیان کرتا ہے۔

**3) نظم کے لغوی معنی کیا ہیں؟**

جواب: پُرونا

**4) نظم کسے کہتے ہیں؟**

جواب: نظم وہ منظومِ کلام ہے جس میں کوئی خیال یا موضوع کو ترتیب وتنظیم کے ساتھ پیش کیا جاتا ہے۔

**5) آزاد نظم کسے کہتے ہیں؟**

جواب: آزاد نظم وہ ہے جس کے مصرعوں میں ارکان گھٹتے بڑھتے رہتے ہیں اور یہ ردیف وقوافی کی پابندی سے آزاد ہوتے ہیں۔

**6) پابند نظم کسے کہتے ہیں؟**

جواب: پابند نظم مصرعے یکساں ہوتے ہیں اور ارکان مساوی رہتے ہیں اور اس میں ردیف وقوافی کی پابندی کی جاتی ہے۔

**7) مرثیہ کسے کہتے ہیں؟**

جواب: مرثیہ اس نظم کو کہتے ہیں جس میں مرحوم کی تعریف کی جاتی ہے۔

**8) مرثیہ کی قسمیں کتنی ہیں اور کونسی ہیں؟۔**

جواب: مرثیہ کی دو قسمیں ہیں۔ ۱) شخصی مرثیہ ۲) کربلائی مرثیہ

**9) کربلائی مرثیہ کسے کہتے ہیں؟**

جواب: کربلائی مرثیہ میں حضرت امام حسینؓ، ان کے عزیزوں اور رفقاء کی شہادت کے واقعات بیان کئے جاتے ہیں۔

**10) مرثیے عموماً کس ہیئت میں لکھے جاتے ہیں۔**

جواب: مرثیے عموماً مسدس کی ہیئت میں لکھے جاتے ہیں۔ مسدس کے ہر بند میں چھ مصرعے ہوتے ہیں۔

**11) شخصی مرثیہ کسے کہتے ہیں؟**

جواب: شخصی مرثیہ میں کسی وفات پانے کے لئے اوصاف بیان کئے جاتے ہیں۔

**12) کسے الفاظ کا بادشاہ کہا جاتا ہے؟**

جواب: میر انیس کو الفاظ کا بادشاہ کہا جاتا ہے۔

Dr BILAL's

**13) رباعی کسے کہتے ہیں؟**

جواب: رباعی سے مراد چار مصرعوں والی نظم کو کہتے ہیں۔

**14) رباعی کس لفظ سے مشتق ہے؟**

جواب: رباعی عربی زبان کے لفظ ''ربع'' سے مشتق ہے۔

15) رباعی کے کس مصرعے میں ردیف اور قافیہ کا استعمال نہیں ہوتا ہے؟

جواب: رباعی کے تیسرے مصرعے میں ردیف اور قافیہ کا استعمال نہیں ہوتا ہے۔

16) رباعی کے کن مصرعوں میں ردیف اور قافیہ کا استعمال ہوتا ہے؟

جواب: رباعی کے پہلے، دوسرے اور چوتھے مصرعوں میں ردیف اور قافیہ کا استعمال ہوتا ہے۔

**17) رباعی کا کونسا مصرعہ حاصل کلام ہوتا ہے؟**

جواب: رباعی کا چوتھا مصرعہ حاصلِ کلام ہوتا ہے۔

**18) اردو شاعری کی مشہور و مقبول صنف کونسی ہے؟**

جواب: غزل اردو شاعری کی مشہور و مقبول صنف ہے۔

**19) غزل کسے کہتے ہیں؟**

جواب: غزل وہ منظومِ کلام ہے جس کا ہر شعر معنی و مفہوم کے لحاظ سے مکمل ہوتا ہے۔

**20) مطلع کسے کہتے ہیں؟**

جواب: غزل کا پہلا شعر مطلع کہلاتا ہے جس کے دونوں مصرعوں میں ردیف اور قافیہ کا استعمال ہوتا ہے۔

**21) حسنِ مطلع کسے کہتے ہیں؟**

جواب: کبھی کبھی غزل کے دوسرے شعر کے دونوں مصرعوں میں بھی ردیف اور قافیہ کا استعمال ہوتا ہے۔

**22) بیت الغزل یا شاہِ بیت کسے کہتے ہیں؟**

جواب: غزل کے سب سے اچھے اور عمدہ شعر کو شاہِ بیت کہتے ہیں۔

**23) مقطع کسے کہتے ہیں؟**

جواب: غزل کے آخری شعر کو مقطع کہتے ہیں جس میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرتا ہے۔

## علمِ عروض

**1) علمِ عروض کسے کہتے ہیں؟**

جواب: وہ علم جس سے شعر کا وزن یا ارکان کی تکرار معلوم کی جاتی ہے۔ اسے علمِ عروض کہتے ہیں۔

**2) ارکان کسے کہتے ہیں؟**

جواب: وہ مقررہ الفاظ جن سے بحر بنتی ہے۔

**3) بحر کسے کہتے ہیں؟**

جواب: ارکان کی تکرار سے جب کوئی خاص وزن پیدا ہوتا ہے اسے بحر کہتے ہیں؟

**4) بحر کی کتنی قسمیں ہیں اور کونسی ہیں؟**

جواب: بحر کی دو قسمیں ہیں۔ ۱) مفرد بحر ۲) مرکب بحر

**5) مفرد بحر کسے کہتے ہیں؟**

جواب: ایک ہی رکن کی تکرار سے بننے والی بحر کو مفرد بحر کہتے ہیں۔

**6) مرکب بحر کسے کہتے ہیں؟**

جواب: دو یا دو سے زیادہ ارکان کی تکرار سے بننے والی بحر کو مرکب بحر کہتے ہیں۔

## اقسامِ صنائع و بدائع

1) **صنعتِ تضاد یا طباق** :۔ شعر کے ایک ہی یا دونوں مصرعوں میں ایسے الفاظ کا لانا جو آپس میں متضاد ہوں اسے ''صنعتِ تضاد'' کہتے ہیں۔

مثال:۔

1) طولِ غمِ حیات سے گھبرا نہ اے جگر
ایسی بھی کوئی شام ہے جس کی سحر نہ ہو — شام X سحر

2) دن کا کیا ذکر تیرہ بختوں میں
ایک رات آئی ایک رات گئی — دن X رات،
آئی X گئی

3) درد منّت کشِ دوا نہ ہوا
میں نہ اچھا ہوا نہ برا ہوا — اچھا X برا


4) قیدِ حیات و بندِ غم، اصل میں دونوں ایک ہیں
موت سے پہلے آدمی، غم سے نجات پائے کیوں
موت X حیات


2) **تلمیح**:۔ کلام میں کسی مشہور واقعہ یا کسی مذہبی روایت کی طرف اشارہ کرنے کو ''تلمیح'' کہتے ہیں۔ تلمیح کے الفاظ بظاہر مختصر ہوتے ہیں۔ لیکن اس کے پیچھے وہ پورا واقعہ یا قصّہ ہوتا ہے۔ جس کی طرف شاعر اشارہ کرنا چاہتا ہے۔ اس پورے قصّہ کو جانے بغیر نہ تو شعر کا مطلب بخوبی سمجھ میں آ سکتا ہے۔ اور نہ ہی شعر کے اندر لائی گئی صنعتِ تلمیح کا پورا پورا لطف اُٹھایا جا سکتا ہے۔


مثال:۔ ابنِ مریم ہوا کرے کوئی
میرے دکھ کی دوا کرے کوئی — ابنِ مریم


نارِ نمرود کو کیا گلزار
دوست کو یوں بچا لیا تو نے — نارِ نمرود

Dr BILAL's









کیا کیا خضر نے سکندر سے
اب کسے رہنما کرے کوئی      خضرؒ

3) **تشبیہ :۔** دو یا دو سے زیادہ چیزوں کو ایک معنیٰ میں شریک کرنا تشبیہ کہلاتا ہے۔

یا

کسی چیز کو کسی چیز کے مشابہ یا ہم شکل قرار دینا تشبیہ کہلاتا ہے۔

**مثال:۔** ۱) خالد شیر کی مانند ہے۔ ۲) چاند سا چہرہ۔ ۳) پتھر جیسا دل۔

ارکانِ تشبیہ پانچ ہیں۔ ۱) مشبہ ۲) مشبہ بہ ۳) حرفِ تشبیہ ۴) وجہ شبہ ۵) غرضِ تشبیہ

نازکی اس کے لب کی کیا کہیئے
پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

ہستی اپنی حباب کی سی ہے
یہ نمائش سراب کی سی ہے

4) **استعارہ :۔** استعارہ لفظ ''مستعار'' سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہوتے ہیں۔ ''ادھار لینا '' لیکن اصطلاح میں کسی لفظ کو اس کے اصلی معنی کے علاوہ دوسرے کسی معنی میں استعمال کرنے کو ''استعارہ'' کہتے ہیں۔ ان دونوں معنوں کے درمیان اگر تشبیہی لگاؤ ہے تو وہ استعارہ کہلائے گا۔

شعر میں استعارہ اس لفظ کے حقیقی معنوں کے بجائے مجازی معنوں میں اس کا ستعمال ہوتا ہے۔

چھوٹے سے چاند میں ہے ظلمت بھی روشنی بھی
نکلا کبھی گہن سے آیا کبھی گہن سے

کس شیر کی آمد ہے کہ رن کانپ رہا ہے
رن ایک طرف، چرخِ کہن کانپ رہا ہے

5) **صنعتِ تکرار:۔** جس شعر میں کسی لفظ کی تکرار پائی جاتی ہے۔ تو اسے صنعتِ تکرار کہتے ہیں۔

اصغر سے ملے لیکن اصغر کو نہیں دیکھا
اشعار میں سنتے ہیں کچھ کچھ وہ نمایاں ہیں

Dr BILAL's